03/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینبصارت گُل

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے جَن وِشواس ترمیمی بل 2026پارلیمنٹ میں پاس کئے جانے کو ایک خوش آئند قدم قرار دیا ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ اس سے ملک میں طرز زندگی اور کاروبار کے طریقوں میں مزید آسانی پیدا ہو گی۔

وزیر اعظم نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اس بل سے شہریوں کو با اختیار بنانے میں مددملے گی۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گاندربل ضلعے کے آرہامہ علاقے میں پیش آئے واقعے کیMagisterial Inquiry کےLG نے کہا احکامات جا ری کئے ہیں۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں ہے کہ تحقیقات کے ذریعے اس واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بین جائزہ لے کر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

واضح رہے کہ اس سلسلے میں جموںو کشمیر سرکار کے محکمہ

ۂ داخلہ نے گاندربل کے ڈپٹی کمشنر کے نام ایک مکتوب جا ری کیا ہے جس میں اس واقعے کی تحقیقات7دن کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

نیرج مِتل

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی مرکزی وزارت کے سیکریٹری ڈاکٹر نیرج مِتل نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات، رسوئی گیس اور ضروری چیزوں کی دستیابی سے متعلق غلط اور بے بنیاد خبریں پھیلائی جا رہی ہیں۔ ریاستوں اور یوٹیز کے نام ایک مکتوب میں انہوننے ان افواہوں پر روک لگانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ سیکریٹری موصوف نے ضروری چیزوں کی دستیابی سے متعلق لوگوں کو مستند معلومات فراہم کرنے کےلئے جموںو کشمیر سمیت دیگر کچھ ریاستوں اور یوٹیز کی سراہنا کی۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے کہا ہے کہ نچلی سطح کے مسائل کو حلکرنے اور تمام علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کےلئے سرکار سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے کل کنٹریکٹرس کارڈنیشن کمیٹی کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقعے پر وفد نے وزیر کو جل جیون مشن کے تحت زیر التواءادائیگیوں کے اجراءسے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔

ادھر سانبہ، ریاسی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے کئی عوامی وفود نے بھی وزیر موصوف کے ساتھ ملاقات کی۔

سکینہ ایتو

نیشنل ہیلتھ مشن ایمپلائز ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے وزیرصحت سکینہ ایتو کے ساتھ ملاقات کرکے اپنے مسائل اور مطالبات ان کی نوٹس میں لائے۔

وزیر نے ان کے مسائل مرحلہ وار بنیادوں پر حل کرنے کا یقین دلایا۔

شکایت پورٹل

سما دھان JKجمونو کشمیر نے عوامی شکایات کے ازالے میں نمایاں پیش رفت درج کی ہے۔ پورٹل پر شکایات کے نپٹارے کی مجموعی شرح88فیصد ہے۔ اس بات کی جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی زیر صدارت ایک میٹنگ میں دی گئی ہے۔ اعداد شمار کے مطابق پورٹل پر اب تک1لاکھ20ہزار554 شکایات موصول ہوئی ، جن میں 1لاکھ5ہزار836 کا ازالہ کیا گیا اور14ہزار718 پر کارروائی جا ری ہے۔

میٹنگ میں تمام انتظامی سیکریٹری اور ضلع ترقیاتی کمشنروں نے شرکت کی۔

DCبڈگام

ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اطہر عامر نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ جائز کاروبار کےلئے سازگار ماحول بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔ وہ کل انڈسٹریل ایسٹیٹ رنگریٹ کا دورہ کر نے کے بعد ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ انہوننے یونٹ ہولڈروں کو یقین دلایا کہ ان کی حقیقی شکایات کو فوری ازالے کےلئے اعلیٰ حکام کی نوٹس میں لایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے

کہ ریگولیٹری تعمیل پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ انہوںنے مختلف صنعتی یونٹس کا بھی موقعے پر معائینہ کیا۔

ناظم زراعت

کے (IFMS) ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے انٹیگریٹڈ فرٹیلائزر مینجمنٹ سسٹم سے (POS) نفاذ کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوںنے بڈگام اور سرینگر اضلاع میں پوائنٹ آف سیل لیس ریٹیل
آو

ٹ لیٹس کے کام کا معائنہ کیا۔ٔ

مشینوں کا جائزہ لینے کے لئے مختلف سیل مراکز اور ریٹیل دکانوں POS ڈائریکٹر موصوف نے کا دورہ کیا۔ اس موقعے پر ناظم زراعت نے
مو

ثر اور کسان دوست خدمات کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹل نگرانی کے نظام پر سختی سے عمل ٔ کرنے پر زور دیا۔

عرس بٹہ مالو

بلند پایہ ولی حضرت شیخ داوود ریشی المعروف بتہ مول صاحبؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میناآج سے دینی تقریبات کا آغاز ہو رہا ہے۔ آج ان کے آستان عالیہ واقع بٹہ مالو سرینگر میں غلاف بندی کی مجلس منعقد ہو رہی ہے۔

اپریل کی 10،گیارہ اور12تاریخ کو عرس کے سلسلے میں ختمات المعظمات کی مجالس کا انعقاد ہوگا۔

Good Friday

ہے۔ اس سلسلے میں آج ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کے گرجا گھروں Good Fridayآج میں خصوصی دعائیہ مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ گڈ فرائڈے ہمیں حضرت عیسیٰ ؑ کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔

IPL

انڈین پریمیر لیگ کے جا ری مقابلوں کے تحت آج پنجاب کنگس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا-MAہو گا ۔ یہ میچ آج شام ساڑھے7بجے چنئی کے

کولکتہ میں کل کھیلے گئے میچ میں سن رائزرس حیدر آباد نے کولکتہ نائٹ رائڈرس کو 65رن سے شکست دی۔

IMD

بھارتی موسمیات محکمے نے جموں وکشمیر سمیت ملک کی کئی دیگر شمالی اور مغربی ریاستوں و یوٹیز میں کل تک ژالہ باری یا تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کر تے ہوئے ان خطوں کے لئے Orange-الرٹ جا ری کیا ہے

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....